The Absolute Reality

www.quran4u.com

يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَىٰ رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَاقِيهِ

اے انسان تو اپنے پروردگار کی طرف (پہنچنے میں) خوب کوشش کرتا ہے سو اس سے جا ملے گا

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندهري)

سورة الانشقاق

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

جب آسمان پھٹ جائے گا	.1
اور اپنے پروردگار کا فرمان بجالائے گا اور اسے واجب بھی یہی ہے	.2
اور جب زمین ہموار کر دی جائے گی	.3
اور جو کچھ اس میں ہے اسے نکال کر باہر کر دے گی اور (بالکل) خالی ہو جائے گی	.4
اور اپنے پروردگار کے ارشاد کی تعمیل کرے گی اور اس کو لازم بھی ہے (تو قیامت قائم ہو جائے گی)	.5
اے انسان تو اپنے پروردگار کی طرف (پہنچنے میں) خوب کوشش کرتا ہے سو اس سے جا ملے گا	.6
تو جس کا نامہ (اعمال) اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا	.7
اس سے حساب آسان لیا جائے گا	.8

.9	اور وہ اپنے گھر والوں میں خوش خوش آئے گا
.10	اور جس کا نامہ (اعمال) اس کی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا
.11	وہ موت کو پکارے گا
.12	اور دوزخ میں داخل ہو گا
.13	یہ اپنے اہل و عیال میں مست رہتا تھا
.14	اور خیال کرتا تھا کہ (خدا کی طرف) پھر کر نہ جائے گا
.15	ہاں ہاں اس کا پروردگار اس کو دیکھ رہا تھا
.16	ہمیں شام کی سرخی کی قسم
.17	اور رات کی اور جن چیزوں کو وہ اکٹھا کر لیتی ہے ان کی
.18	اور چاند کی جب کامل ہو جائے
.19	کہ تم درجہ بدرجہ (رتبہ اعلیٰ پر) چڑھو گے
.20	تو ان لوگوں کو کیا ہوا ہے کہ ایمان نہیں لاتے
.21	اور جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے ۩
.22	بلکہ کافر جھٹلاتے ہیں
.23	اور اللہ ان باتوں کو جو یہ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں خوب جانتا ہے
.24	تو ان کو دکھ دینے والے عذاب کی خبر سنا دو
.25	ہاں جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے انکے لئے بے انتہا اجر ہے

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com